شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

07 اکتوبر 2022

# پریس ریلیز

## مسائل میں گِھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ نسخۂ کیمیا ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مسائل میں گِھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ نسخۂ کیمیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاوّل میں سیرت کانفرنسز اور محافل نعت کا انعقاد یقیناً قابل تحسین ہے اور اگرچہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور ﷺ کی ثنا مطلوب ہے اور عبادت کا لازمی جزو بھی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام صرف مذہبی رسومات کی ادائیگی کا نام نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے لہٰذا جب تک اس پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا جاتا مسلمان دنیوی عزت و وقار اور اُخروی نجات حاصل نہیں کر سکیں گے۔ مسلمانوں کو نبی اکرم ﷺ کی مبارک سیرت پر اپنی نگاہیں مرکوز کرنا ہوں گی اور آپ ﷺ کے عطا کردہ مشن کو اپنانا ہو گا اور یہ دیکھنا ہو گا کہ آپ ﷺ کا کون سا ایسا عمل تھا جس پر آپ ﷺ نے اعلانِ نبوت سے لے کر تا حیات دُنیوی مسلسل عمل کیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اِس حوالے سے دو آراء ممکن ہی نہیں کہ آپ ﷺ نے مسلسل 23 سال تک اُس دین کو قائم و نافذ کرنے کی شب و روز جدوجہد کی جسے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے عطا کیا۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ خطبہ حجۃ الوداع میں آپ ﷺ نے لوگوں سے یہ گواہی حاصل کی کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری کو احسن ترین طریقہ سے ادا کر دیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اب امت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اِس دین کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچا دے۔ آج ہماری ذلت و رسوائی کی وجہ یہ ہے کہ وہ ذمہ داری جو ہمیں سونپی گئی تھی ہم اُسے ادا کرنے میں بُری طرح ناکام ہوئے۔ ہمیں یقینِ واثق ہے کہ اگر آج بھی خلوص اور جانفشانی سے دینِ اسلام کے نفاذ کی کوشش کی جائے تو اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی عطا فرمائے گا اور ہم ایک بار پھر اِس دنیا کی قیادت کریں گے اور یہ ہماری اُخروی نجات کا ذریعہ بھی بنے گا۔ ان شاءاللہ!

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 07 October 2022**

## "The exemplary life of the Holy Prophet *(SAAW)* is the real remedy for all problems facing the Ummah."

**(<u>Shujauddin Shaikh</u>)**

**Lahore (PR): "The exemplary life of the Holy Prophet *(SAAW)* is the real remedy for all problems facing the Ummah."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the holding of Seerah conferences and Nasheed gatherings during the month of Rabi ul Awal is certainly laudable and while the Hamd (glorification) of Allah *(SWT)* and the Sanaa (praise) of the Holy Prophet *(SAAW)* are indeed vital modes of devotion, but the fact of the matter is that Islam is not just a set of rituals but a Deen, i.e., a complete code of life. Therefore, until it is practiced in toto, Muslims would neither be able to attain dignity and honor in this world, nor would they be able to succeed in the Hereafter. Muslims ought to look towards the noble Seerah of the Holy Prophet *(SAAW)* as the perfect model to follow and assume the mission bestowed on us by the Holy Prophet *(SAAW)* by recognizing that undertaking which the Holy Prophet *(SAAW)* steadfastly perused from the time of declaration of his *(SAAW)* Prophethood, and which continued throughout his *(SAAW)* earthly life. We are of the considered opinion, he remarked, that there can never be any disagreement regarding the fact that the Holy Prophet *(SAAW)* persistently strived, night and day, for 23 years for the establishment of that Deen (Islam) which was divinely revealed to him *(SAAW)* by Almighty Allah *(SWT)*. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the Holy Prophet *(SAAW)* unequivocally acquired the testimony of all the people in his *(SAAW)* sermon delivered during the Farewell Pilgrimage that he *(SAAW)* had fully and exquisitely fulfilled the responsibility bequeathed on him *(SAAW)* by Allah *(SWT)* and he *(SAAW)* also declared that it was now the obligation of the Ummah to propagate the Deen (Islam) to the entire world for all times to come. The Ameer lamented that the primary reason for our disgrace and ignominy today is that we have failed to fulfill that responsibility given to us. The Ameer concluded by asserting that we have solemn belief that if we strive with utmost sincerity and determination to establish the Deen (Islam), Allah *(SWT)* would grant us success, as a result of which not only would we be reinstated to the position of 'Leaders of the World' but it would also serve as the source of our success in the Hereafter. In Sha Allah!

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**